ilmkidunya
علم کی دنیا

Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 15 Short Questions Test

Q1. غزوہ احد کو مختصرا بیان کریں

Ans 1: غزوہ احدحق و باطل کے درمیان برپا ہونے والا دوسرا بڑا معرکہ ہے- یہ غزوہ سات شوال المکرم تین ہجری بروز ہفتہ مدینہ منورہ کے قریب احد نامی پہاڑ کے پاس ہوا- یہ غزوہ مشرکین مکہ کے خلاف لڑا گیا- مسلمانوں کی قیادت حضرت ﷴ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمائی. جب کہ مشرکین مکہ کا سردار اس غزوہ میں ابو سفیان تھا. تین ہزار افراد پر مشتمل مشرکین مکہ کا لشکر بھر پور تیاری سے مسلمانوں پر حملہ آور ہوا - غزوہ احد میں کفار کے مقابلے میں مسلمانوں کی تعداد ایک ہزار سے بھی کم تھی لیکن ان کے حوصلے بلند اور ایمان مضبوط تھا.

Q2. سورۃ ال عمران میں کن دو غزوات کا زکر آیا ہے.

Ans 1: سورۃ آل عمران میں ہمیں غزوہ بدر اور غزوہ احد کا زکر ملتا ہے

Q3. سورۃ ال عمران میں کن دو گروہوں سے خطاب ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کا خطاب خصوصیت کے ساتھ دو گروہوں کی طرف ہے. 1- ایک اہل کتاب یعنی یہودی اور مسیحی 2- دوسرے وہ لوگ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین پر ایمان لائے.

Q4. اللہ تعالی کن لوگوں کی گمراہی کا فیصلہ کرتا ہے.

Ans 1: اللہ تعالی ان لوگوں کو گمراہ کرتا ہے جو اللہ تعالی کے عہد کو توڑتے، قطع رحمی کرتے زمین پر فساد مچاتے ہیں-

---

Q5. غزوہ تبوک کا سبب کیا تھا؟

Ans 1: فتح مکہ اور غزوہ حنین کے بعد اسلام بڑی تیزی سے پورے جزیرہ عرب میں پھیلنا شروع ہوگیا. لوگ گروہ درف گروہ اسلام میں داخل ہونے لگے- اسلام دشمن قوتوں نے واضح طور پر اپنے آپ کو خطرے میں محسوس کیا- عرب کے سرحدی قبائل نے اسلام کا راستہ روکنے کا فیصلہ کیا اور اس کے لیے روم کے بادشاہ ہر قل سے مدد مانگی. غزوہ موتہ میں تین ہزار کے اسلامی لشکر نے دولاکھ عیسائی فوج کو شکست فاش دی- ہر قل قیصر روم نے اسلام کی اس ابھرتی ہوئی قنوت کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا اور ملک شام کے عیسائی خاندان کو اس مہم پر مقرر کیا.

Q6. سورۃ آلتوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ التوبہ قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے نویں سورت ہے.

Q7. سورہ بقرہ کی کل کتنی آیات ہیں-

Ans 1: اس سورت میں کل دو سو چھیاسی آیات ہیں

Q8. سورہ البقرہ کہاں نازل ہوئی.

Ans 1: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین جب ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف فرما ہوئے تو یہ سورت نازل ہوئی.

Q9. اسلام سے پہلے مال غنیمت کے بارے میں کیا تصور تھا؟

Ans 1: ظہور اسلام سے قبل ہونے والی جنگوں میں یہ خیال کیا جاتا تھا کہ میدان جنگ میں و مال جس کے ہاتھ آگیا وہ اسی کی ملکیت ہے- اس زمانے میں لوگ مال و دولت کے حصول کے لیے بھی جنگوں میں شریک ہوتے تھے- سورۃ االانفال میں اس جاہلانہ تسؤر کی نفی کی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ اسلام میں جہاد کا مقصد صرف اور صرف اللہ تعالی کی رضا حاصل کرنا ہے.

Q10. سورۃ الانفال کو سورۃ الانفال کیوں کہا گیاہے.

Ans 1: اس سورت میں مال غنیمت کی تقسیم کے احکام نازل ہوئے ہیں- اسی مناسبت سے اس کا نام سورۃ الانفال ہے.